الجیش نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1945

تاریخ اجراء: 11 صفر المظفر 1445ھ / 29 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

"الجیش" نام رکھنا کیسا اور اس کا معنیٰ بھی بتادیجئے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

الجیش کا معنیٰ لشکر یا فوج کے ہیں۔ فی نفسہ معنیٰ کے اعتبار سے یہ نام رکھنے میں تو حرج نہیں ہے۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ بچے کا اصل نام محمد رکھا جائے تاکہ اسمِ محمد کی برکتیں حاصل ہوں کہ احادیث مبارکہ میں نامِ محمد کی برکات وارد ہوئی ہیں:

کنز العمال میں بحوالہ رافعی عن ابی امامۃ روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: " من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة " ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔ (کنز العمال، ج16، ص422، مؤسسة الرسالة، بیروت)

ردالمحتار میں اس حدیث کے تحت ہے: " قال السيوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن " ترجمہ: علامہ سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔ (ردالمحتار علی الدر المختار، کتاب الحظر ولاباحة، ج6، ص417، دار الفکر، بیروت)

اور پکارنے کے لیے انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام و اولیاء عظام علیہم الرحمۃ کے ناموں میں سے کسی کے نام پر رکھا جائے، جیسے محمد ابراہیم، محمد عیسی وغیرہ، لہٰذا انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام علیہم الرضوان یا اولیاء عظام علیہم الرحمۃ کے اسماء میں سے کسی نام کا انتخاب کرکے وہ نام رکھ لیں اور بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ اس کی وجہ سے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی شامل حال ہو گی۔

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کیجئے اور درج ذیل لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam#

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم